زیرِ سرپرستی
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
صدر دار العلوم کراچی

دعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم
رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

جمع وترتیب
علماءِ کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

قرآن کریم حفظ کرنے والے بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے ایک مختصر اور آسان نصاب

برائے مدارس حفظ قرآن کریم

زیر سرپرستی

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم صدر دار العلوم کراچی

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب مدظلہ العالی

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن

جمع وترتیب

علماء کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

نام طالب علم: ____________ ولدیت: ____________

مدرسہ کا نام: ____________ استاذ کا نام: ____________

مکتب تعلیم القرآن الکریم

11010713

کتاب کا نام:	تربیتی نصاب (ابتدائیہ) برائے مدارس حفظ قرآن کریم
تاریخ اشاعت:	اکتوبر ۲۰۱۳ء
کمپوزنگ، ڈیزائننگ:	جنید اقبال۔ محمد سراج و سید ناصر
ناشر:	مکتب تعلیم القرآن الکریم

ملنے کے پتے

① مکتب تعلیم القرآن الکریم

ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی

فون: 34976073-21-92+ فیکس: 34976339-21-92+

ای میل: maktab2006@hotmail.com

② مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

کراچی (موبائل نمبر): 0300-2298536, 0323-2163507, 0334-3630795

لاہور (موبائل نمبر): 0321-4066762

تربیتی نصاب حصہ ابتدائیہ کا مکمل خاکہ

قرآن کریم	نورانی قاعدہ	مکمل نورانی قاعدہ۔ نقطے۔ مفردات۔ مقطعات۔ مرکبات۔ حرکات۔ تنوین۔ کھڑی حرکات۔ جزم۔ حروف مدہ۔ حروف لین ۔۔۔۔ الی آخرہ
	ناظرہ	عَمَّ ۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ اور قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ (تین پارے مکمل)
تجوید	تجوید کے بنیادی قواعد	قرآن کریم۔ قرآن کریم کا حق۔ تلاوت کے آداب۔ مفردات۔ حرکات۔ کھڑی حرکات۔ جزم۔ حروف مدہ اور حروف لین۔
ایمانیات	عقائد	کلمہ طیبہ۔ کلمہ شہادت۔ کلمہ تمجید۔ کلمہ توحید۔ اللہ تعالیٰ۔ فرشتے۔ آسمانی کتابیں۔ انبیاء علیہم الصّلوٰۃ والسّلام۔ قیامت۔ ہمارا دین اور ارکان اسلام۔
عبادات	طہارت مکمل نماز	وضو کرنے کا طریقہ۔ تکبیر۔ ثنا۔ تعوّذ۔ تسمیۃ۔ سورۃ الفاتحہ۔ سورۃ الاخلاص۔ رکوع کی تسبیح۔ رکوع سے اٹھنے کی تسمیع۔ تحمید۔ سجدے کی تسبیح۔ تشھّد۔ درود شریف۔ دعا۔ سلام اور دعائے قنوت۔
احادیث	دس احادیث ترجمہ کے ساتھ	(۱) مدد صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنا۔ (۲) قرآن کریم پڑھنے اور پڑھانے کی فضیلت (۳) جنت کی چابی۔ (۴) وضو کی اہمیت۔ (۵) صحیح رکوع وسجدہ۔ (۶) بھائی چارگی۔ (۷) سلام پھیلانا۔ (۸) صلہ رحمی کا حکم۔ (۹) کھانے کا اہم ادب۔ (۱۰) کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی ممانعت۔
مسنون دعائیں	مسنون دعائیں	خاص موقعوں پر کہے جانے والے مسنون اذکار۔ کھانے سے پہلے کی دعا۔ شروع میں دعا پڑھنا بھول جائیں تو یہ پڑھیں۔ کھانے کے بعد کی دعا۔ دودھ پینے کے بعد کی دعا۔ سوتے وقت کی دعا۔ سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا۔ علم میں اضافے کی دعا۔
سیرت و اسلامی معلومات	سیرت	سیرت سے متعلق سوالات وجوابات۔
	اسلامی معلومات	اسلام سے متعلق سوالات وجوابات۔
اخلاق وآداب	اخلاق وآداب	سلام۔ چھینک، کھانے، پینے اور سونے کے آداب۔ اچھی عادتیں۔ والدین کا ادب۔ بڑوں کی عزت۔ استاذ کا ادب۔

فہرست مضامین

نورانی قاعدہ

کلماتِ دعائیہ

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ العالی

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن۔ کراچی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، جامعہ دارالعلوم (کراچی) اور جامعہ فاروقیہ کے فضلاء نے قرآن کریم حفظ کرنے والے طلبا کے لیے ایک ''تربیتی نصاب'' بنایا ہے۔

اُمید ہے کہ اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بچوں کی اچھی تعلیم و تربیت ہوگی۔

مساجد کمیٹی کے ذمہ داران، ائمہ مساجد اور مہتممینِ مدارس سے گزارش ہے کہ جو بچے قرآن کریم حفظ کرنے کے لیے آتے ہیں ان میں اس نصاب اور اس نظام کو رائج فرمائیں، اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بچے/بچیوں کی اچھی تربیت ہوگی۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے۔ ہر گاؤں، دیہات، محلے اور ہر مسجد میں اس ترتیب کو قائم فرمائے اور والدین کے بھی دین پر آنے کا ذریعہ بنائے۔

معلّمین، معلّمات کے لیے یہ حضرات جو کورسز کروائیں اس میں اخلاص، عافیت اور قبولیت عطا فرمائے۔ آمِیْن یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

تقریظ

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ العالی

صدر جامعہ دار العلوم۔ کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ...... اَمَّا بَعْدُ!

"مکتب تعلیم القرآن الکریم" کی طرف سے شائع کیے گئے "تربیتی نصاب (ابتدائیہ)" کا تفصیلی مطالعہ تو نہ ہو سکا، لیکن متفرق مقامات دیکھنے سے ہی بہت خوشی ہوئی، بچوں کی تربیت کے لیے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بہت مفید ہوگا۔ اگر مدارس قرآنیہ میں اس کتاب کو داخل نصاب کر دیا جائے تو یہ ان کم عمر بچوں کے لیے بہت بڑا تحفہ ہوگا اور اِنْ شَآءَ اللّٰہُ ان کی کردار سازی میں معاون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب سے ہماری نئی نسل کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائے اور اس کے مرتّب کرنے والے حضرات کی مخلصانہ خدمت کو قبول فرما کر اجر عظیم سے نوازے اور مدارس قرآنیہ کے اساتذہ و منتظمین کو توفیق دے کہ اسے بچوں کی تربیت کے لیے استعمال کریں۔

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ

محمد رفیع عثمانی

تقریظ

حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی

استاذ الحدیث، نائب مہتمم وناظم تعلیمات جامعہ اشرفیہ۔ لاہور

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اس پرفتن دور میں میڈیا نے اس منظم انداز سے معصوم بچوں اور بچیوں کے ایمان کو تباہ وبرباد کرنا شروع کیا ہے کہ اسلام کے نام پر بنے ملک پاکستان میں والدین اور سرپرستوں کے لیے نسلِ نو کے ایمان کی حفاظت سب سے بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ اب والدین اور سرپرستوں کی سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ وقت کے اس چیلنج کا ایمانی قوت، ہمت وجرأت کے ساتھ مقابلہ کریں۔

ہماری مساجد ومکاتبِ قرآنیہ کا جو سلسلہ ایک عرصے سے چلا آرہا ہے، یہ ایک بہترین ذریعہ ہے کہ یہاں تھوڑے سے وقت میں ان بچوں کے دلوں میں ایمانی چراغ روشن کیا جاسکتا ہے، ان مکاتب میں بچوں کو پڑھانے کے لیے ترتیب دی گئی کتاب ''تربیتی نصاب'' کا احقر نے مطالعہ کیا اور اصلاح کا ایک بہترین ذریعہ اور وسیلہ پایا۔

یہ کتاب آسان اور خوب صورت انداز میں ترتیب دی گئی ہے اور بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اس کے پڑھانے والے اساتذۂ کرام ایمان، اخلاق اور عبادات کو صحیح تربیتی انداز سے سکھائیں تو یہ تمام شرور اور فتنوں سے بچنے کا کام یاب ذریعہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے جنھوں نے اس کتاب کو اس خوب صورت انداز میں مرتب اور شائع کیا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو ملک کی تمام مساجد میں رائج فرمائے اور ملکِ پاکستان کے ایک ایک بچے اور بچی کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

محتاجِ دعا

مقدّمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! مکاتب کا سلسلہ صدیوں سے مسلمانوں میں موجود ہے اور آج تک جاری وساری ہے، اللہ تعالیٰ تا قیامت اسے جاری رکھے۔ پہلی تربیت گاہ مکتب ہی ہے جو بچے/ بچیوں کو گھر کے بعد نصیب ہوتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ مکاتب میں ہم اپنے بچے/ بچیوں کو حفظ قرآنِ کریم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان میں دینی، عملی اور اخلاقی رنگ پیدا کرنے ......تقویٰ ......طہارت ......نماز وتلاوت کا اہتمام کرانے ......صدق......توکل......قناعت ......صبر وشکر...... معاملات میں درستگی اور دیگر خوبیوں سے بھی آراستہ کرنے کی کوشش کریں۔

ان مکاتب قرآنیہ میں اساتذۂ کرام نہ صرف حفظ قرآن کریم اور تجوید پر محنت کرتے ہیں بل کہ طلبا کی تربیت کا اہتمام بھی اپنی ذمہ داری اور فریضہ سمجھتے ہیں۔ اسی لیے حضرت مفتی ولی حسن صاحب ٹونکی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے:

''اِنْ شَآءَ اللّٰہُ مکتب میں پڑھنے والا بچہ کبھی بے دین نہیں ہوگا۔''

کیوں کہ مکتب میں استاذ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قرآن کریم حفظ کرانے کے ساتھ ساتھ بچے/ بچیوں کی اس طرح تربیت کرتے تھے کہ ان پر اسلام اور ایمان کا پکا رنگ چڑھ جاتا تھا جس کو مٹانا آسان نہ تھا۔ بقول شخصے: ''بچپن کی تربیت پچپن تک کام آتی ہے۔'' شاعر کہتا ہے:

قَدْ يَنْفَعُ الْاَدَبُ الْاَوْلَادَ فِیْ صِغَرٍ ۔۔۔ وَلَيْسَ يَنْفَعُهُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ اَدَبُ

اِنَّ الْغُصُوْنَ اِذَا عَدَّلْتَهَا اِعْتَدَلَتْ ۔۔۔ وَلَا تَلِيْنُ وَلَوْ لَيَّنْتَهُ الْخَشَبُ

ترجمہ: ''یقیناً بچوں کو بچپن میں ادب سکھانا نفع بخش ہوتا ہے اور اس کے بعد ان کو ادب سکھانا فائدہ مند نہیں ہوتا، اگر آپ ٹہنیوں کو سیدھا کرنا چاہیں تو سیدھا کرسکتے ہیں لیکن لکڑی کو چاہے آپ نرم بھی کرلیں تب بھی نرم نہیں ہوتی۔''

قرآن کریم حفظ کرنے کے لیے آنے والے طلبا تین یا چار سال یا کم وبیش مدت تک پڑھتے ہیں یہ بچے/ بچیاں ہمارے پاس امانت اور امت مسلمہ کا سرمایہ ہیں۔ اس امانت کے حقوق صحیح ادا کرنے کے لیے زیر نظر ''تربیتی نصاب حصہ ابتدائیہ'' سمیت چار حصوں پر مشتمل یہ نصاب مرتب کیا گیا ہے جس میں نورانی قاعدہ......تجوید......ایمانیات......عبادات......احادیث......مسنون دعائیں......سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم......اسلامی معلومات اور اخلاق وآداب سے متعلق ضروری اور ابتدائی مضامین شامل کیے گئے ہیں۔

مساجد اور مکاتب قرآنیہ میں پڑھانے والے اساتذۂ کرام اور گھروں میں یا بنات کے مکاتب میں پڑھانے والی معلّمات اگر نصاب میں دیے گئے نظام کے تحت روزانہ قرآن کریم حفظ کرانے کے ساتھ ساتھ بچے/بچیوں کی دینی واخلاقی تربیت اور مسائل کی تعلیم کے لیے محنت فرمائیں اور روزانہ اہتمام سے آدھا گھنٹہ یہ نصاب پڑھائیں تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے اُمید ہے کہ اس سے بچے/بچیوں میں قرآن کریم حفظ کرنے کے ساتھ ساتھ درج ذیل صفات پیدا ہوں گی:

۱ دین کے ضروری مسائل اور بنیادی عقائد کا علم
۲ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت واتباع
۳ دین پر چلنے کا شوق
۴ خشوع وخضوع کے ساتھ نماز کا اہتمام
۵ ہر ہر موقع کی دعا مانگنے کا اہتمام
۶ دین پھیلانے کا جذبہ
۷ والدین اور اساتذہ کا ادب
۸ بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت
۹ رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق کی ادائیگی
۱۰ چوبیس گھنٹے کی زندگی کے آداب۔

جب ان بچے/بچیوں کی مکتب میں صحیح تعلیم وتربیت ہوگی تو یہ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ دین پر عمل کریں گے، دینی معاون بنیں گے، معاشرہ میں اچھے انسان بنیں گے اور ہم سب کے لیے صدقہ جاریہ بنیں گے۔

ایک عاجزانہ درخواست: اساتذۂ کرام/معلمات سے انتہائی ادب کے ساتھ درخواست ہے کہ نصاب پڑھانے سے پہلے سبق کی تیاری کرکے، دو رکعت نفل پڑھ کر اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگ کر درس گاہ میں جائیں۔ اس کی برکت سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ طلبا اور طالبات کی بہترین تربیت ہوگی اور امت مسلمہ کی بہترین تربیت میں آپ حضرات کا حصہ ہوجائے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! ''تربیتی نصاب (ابتدائیہ)'' جامعہ دارالعلوم، جامعہ فاروقیہ، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، جامعہ اشرفیہ لاہور اور دیگر مدارس کے فضلاء کی زیر نگرانی مرتب کیا گیا ہے۔ اس لیے ان سب مدارس کو اور ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' کے اساتذہ ومعاونین کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے گا۔ اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔

حدیث شریف میں آتا ہے:

''مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ یَدْعُوْ لِاَخِیْهِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ، اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ: وَلَكَ بِمِثْلٍ''[1]

ترجمہ: ''جو کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں (غائبانہ) دعا کرے تو ایک فرشتہ کہتا ہے: ''تیرے لیے بھی ایسا ہی ہو۔''

احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم

(۱) صحیح المسلم، الذکر...، باب فضل الدعاء للمسلمین بظهر الغیب۔ الرقم: ۶۹۲۷

مکمل نصاب کا تعارف

اس نصاب میں چھ بنیادی مضامین ہیں۔

۱ تجوید:

- قرآن کریم صحیح پڑھنے کے لیے علم تجوید کا جاننا ضروری ہے، اس لیے تجوید کے مختصر قواعد لکھے گئے ہیں۔

۲ ایمانیات: (عقائد اور اسمائے حسنیٰ)

- ایمان کی بنیاد عقائد پر ہے۔ ایک مسلمان کے لیے جن باتوں پر ایمان رکھنا ضروری ہے ان کو اس نصاب میں قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کی روشنی میں ذکر کیا گیا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ترجمے کے ساتھ نصاب میں شامل ہیں۔

۳ عبادات: (طہارت، نماز، زکوٰۃ، حج اور روزہ کے مسائل)

- عبادات کو صحیح طرز پر ادا کرنے کے لیے ان سے متعلق اہم مسائل اور ان کا مکمل طریقہ بیان کیا گیا ہے۔

۴ احادیث: (حفظِ حدیث اور مسنون دعائیں)

- دین کے پانچوں شعبوں یعنی ایمانیات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاقیات سے متعلق چالیس احادیث یاد کرانے کا اہتمام کیا گیا ہے تاکہ چالیس احادیث یاد کرنے کی فضیلت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ پورے دین پر چلنے کا جذبہ اور شوق بھی پیدا ہو۔
- مختلف موقع کی دعائیں اس نصاب میں ذکر کی گئیں ہیں تاکہ بچپن ہی سے ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے مانگنے کی عادت ہو۔

۵ سیرت، اسلامی معلومات اور بیان ودعا:

- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت اور کامل اطاعت پیدا کرنے کے لیے "سیرت" کا مضمون رکھا گیا ہے اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔
- دین اسلام، انبیا کرام علیہم الصلوٰۃ السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے متعلق اہم معلومات کو "اسلامی معلومات" کے عنوان کے تحت جمع کیا گیا ہے۔
- طلبا میں دین کی بات بلا جھجک کہنے اور مجمع میں دعا کرانے کی ہمت پیدا کرنے کے لیے "بیان ودعا" کا مضمون رکھا گیا ہے۔

۶ اخلاق وآداب: (اخلاقیات اور چوبیس گھنٹے کے مسنون اعمال)

- دینی واخلاقی تربیت کے لیے اور مسلمان کے اندر جو صفات ہونی چاہئیں جیسے: اخلاص، تقویٰ، سچائی، شرم وحیا، امانت داری وغیرہ، ان کو پیدا کرنے کے لیے اور جن بری خصلتوں سے مسلمان کو بچنا چاہیے جیسے: جھوٹ، حسد، بغض، کینہ، نفرت وغیرہ ان سے بچنے کے لیے "اخلاقیات" کا مضمون رکھا گیا ہے۔
- اسلام نے ہمیں چوبیس گھنٹے میں رہنے سہنے، کھانے پینے، اٹھنے بیٹھنے وغیرہ کے جو اصول بتائے ہیں ان کے مطابق زندگی گزارنے کے لیے "آداب" کا مضمون رکھا گیا ہے۔
- اِنْ شَآءَ اللّٰہُ اس ترتیب پر چار سالہ نصاب تیار کیا جائے گا اور ہم امید کرتے ہیں کہ اگر کوئی طالب علم/ طالبہ قرآن کریم حفظ کرنے کے ساتھ ساتھ اس نصاب کو مکمل کرلے تو وہ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ خاص طور پر نماز اور بہت سی دینی باتیں سیکھ لے گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور امت کے حق میں نافع بنائیں۔ آمین

نصاب کی خصوصیات

۱. کم از کم آدھے گھنٹے کا مختصر نصاب جسے حفظ کے طلبا سہولت سے پڑھ سکتے ہیں۔
۲. یہ نصاب ایک مکمل نظام کے ساتھ مربوط ہے۔
۳. ہر سبق کو پڑھانے کے لیے دنوں اور مہینوں کو متعین کر دیا گیا ہے تا کہ اساتذہ کرام کو پڑھانے میں سہولت ہو۔
۵. جس سال میں جو اسباق پڑھائے جائیں گے اس کا خاکہ دیا گیا ہے۔
۶. ہر مضمون کے شروع میں اس کی مفہومی تعریف لکھی گئی ہے تا کہ طلبا کے سامنے مضمون کا تعارف اچھی طرح ہو جائے۔
۷. بِحَمْدِ اللہ الفاظ، انداز اور مواد بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔
۸. زبانی یاد کرائی جانے والی باتوں پر یہ ''📖'' علامت اور سمجھائی جانے والی باتوں پر یہ ''☆'' علامت لگائی گئی ہے۔
۹. ہر اگلے سال میں گزشتہ سال میں یاد کرائے گئے اسمائے حسنیٰ، احادیث، مسنون اذکار اور مسنون دعاؤں کی دہرائی کرائی گئی ہے تا کہ یہ یاد رہیں۔
۱۰. کتاب کے آخر میں ہر مہینے کے سوالات دیے گئے ہیں۔
۱۱. نصاب کے آخر میں حوالہ جات بھی دیے گئے ہیں تا کہ بات مستند و معتمد ہو۔
۱۲. نصاب کے آخر میں نماز کی ڈائری موجود ہے تا کہ بچپن ہی سے نماز جیسی اہم عبادت کی عادت ہو۔
۱۳. نصاب میں اس بات کی رعایت کی گئی ہے کہ بچہ/ بچی مکتب سے روزانہ کوئی نہ کوئی عملی بات سیکھے جس سے ان کو مکتب آنے میں دل چسپی بڑھے اور والدین کو بھی ترغیب ہو۔

وضاحت: بیان، دعا اور ہر مضمون کی مفہومی تعریف ابتدائیہ میں ذکر نہیں کی گئی ہے۔ یہ حصہ اول سے حصہ سوم تک نصاب میں شامل ہے۔

نصاب پڑھانے کا طریقہ

اس نصاب کی ترتیب اور نظام کو اچھی طرح سمجھنے کی ضرورت ہے کیوں کہ یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے اور اس کا صحیح فائدہ اسی پر منحصر ہے کہ دونوں کی رعایت ہو۔

نصاب کی تکمیل کے لیے درجِ ذیل اُمور کی رعایت کرنا ضروری ہے:

۱. مدرسہ میں جو پڑھائی کے اوقات ہیں ان میں **نورانی قاعدہ/قرآن کریم** پڑھایا جائے۔ پڑھائی کے اوقات میں سے ''تربیتی نصاب'' کے مضامین کو پڑھانے کے لیے روزانہ کم از کم **آدھے گھنٹے** کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔

۲. اس پورے نصاب کو **اجتماعی** طور پر پڑھایا جائے۔ البتہ ہر ایک طالب علم کا سبق انفرادی طور پر اس طرح سنیں کہ ایک طالب علم جب سبق سنا رہا ہو تو باقی طلبا وہ سبق سن رہے ہوں اور طالب علم غلطی کرے تو استاذ خود غلطی درست کرنے کے بجائے طلبا سے پوچھیں کہ کیا غلطی کی ہے؟ اور صحیح کیا ہے؟ تاکہ تمام طلبا متوجہ رہیں۔

۳. **سبق ان چار طریقوں سے پڑھائیں:**

   ۱. استاذ کہلوائے سب طلبا پڑھیں۔
   ۲. تمام طلبا پڑھیں، استاذ سنیں۔
   ۳. ایک طالب علم کہلوائے، سب پڑھیں۔
   ۴. ایک طالب علم پڑھے، سب سنیں۔

۴. نصاب میں کچھ اسباق ایسے ہیں جن کو زبانی یاد کرانا ہے، ان کے لیے یہ نشان ''📖'' علامت کے طور پر رکھا گیا ہے اور چند اسباق ایسے ہیں جنہیں طلبا کو اچھی طرح سمجھانا ہے تاکہ ذہن نشین ہو جائیں اور طلبا اپنے الفاظ میں اس کا مطلب اور مفہوم بتا سکیں، ان کے لیے یہ نشان ''☆'' رکھا گیا ہے۔

۵. **بڑے جملے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پڑھائیں،** جب ٹکڑوں کی صورت میں پڑھانا آجائے تو مکمل جملہ پڑھائیں۔

۶. مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر ان کی وضاحت کی جائے۔

’’نورانی قاعدہ‘‘ سے متعلق اہم تعلیمی ہدایات

۱. ’’نورانی قاعدہ‘‘ سو (100) دن میں پڑھانے کا نظم بنایا گیا ہے۔ اس بات کی پوری کوشش کی جائے کہ ہر تختی مقررہ دنوں میں مکمل ہو جائے۔

۲. روزانہ سبق پڑھانے سے پہلے سبق کا مطالعہ کریں اور سبق کو آسان اور دلچسپ بنا کر خوب محنت و لگن سے پڑھائیں۔

۳. قاعدہ کے شروع میں ’’قاعدہ‘‘ کی مفہومی تعریف لکھی گئی ہے تاکہ طلبا/ طالبات کے سامنے قاعدہ کا تعارف ہو جائے، طلبا/ طالبات کو یہ یاد کرائیں۔

۴. روزانہ قاعدہ/قرآن کریم کا سبق شروع کرنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ دونوں پڑھائیں۔

جس کی صورت یہ ہے:

سب سے پہلے تعوذ اور تسمیہ ٹکڑے ٹکڑے کرکے پڑھائیں۔

تعوذ : اَعُوْذُ　بِاللّٰهِ　مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّ　جِيْمِ

تسمیہ : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّ　حْمٰنِ الرَّ　حِيْمِ

جب ٹکڑوں کی صورت میں طلبا/ طالبات کو پڑھنا آ جائے تو ملا کر پڑھنے کی مشق کرائیں۔

۵. نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھائیں۔

۶. قاعدہ اجتماعی طور پر پڑھائیں البتہ ہر ایک طالب علم کا سبق انفرادی طور پر سنیں اور سبق ان چار طریقوں سے پڑھائیں:

۱. استاذ کہلوائیں سب طلبا پڑھیں۔
۲. ایک طالب علم کہلوائے سب پڑھیں۔
۳. تمام طلبا پڑھیں، استاذ سنیں۔
۴. ایک طالب علم پڑھے، سب سنیں۔

۷. تدریس کا اصول ہے ’’معلوم کی مدد سے نامعلوم کی پہچان کرائیں۔‘‘ اس لیے جب اگلا سبق شروع کرنا ہو اور

اس سے ملتا جلتا سبق طلبا پڑھ چکے ہوں تو گزشتہ سبق کی مدد سے نیا سبق شروع کرائیں، مثلاً: "ب" کے ذریعے "ت" کی اور "ت" کے ذریعے "ث" کی پہچان۔ "ج" کے ذریعے "ح" اور "ح" کے ذریعے "خ" کی پہچان کرائیں۔ ایسا کرنے سے بچے مانوس ہوجائیں گے اور باآسانی سبق سمجھ لیں گے۔ نیز گزشتہ سبق کی دہرائی بھی ہوجائے گی۔

۸ قاعدہ کی "تختی نمبر: ا" میں چار مختلف شکلوں کے ڈبے بنائے گئے ہیں، اس (ا) سے مراد گزشتہ اسباق کی دہرائی ہے، اس [د دال] سے مراد آج کا سبق ہے، اس [د] سے مراد آج کے سبق کی مشق ہے اور اس [ج] سے مراد گزشتہ تمام اسباق کی مشق ہے۔

۹ قرآن کریم صحیح پڑھنے اور لحنِ جلی وخفی سے بچنے کے لیے حروف کے مخارج کا صحیح ہونا ضروری ہے اس لیے مخارج کی طرف خصوصی توجہ دی جائے۔ سبق پڑھاتے ہوئے اور بچوں سے سبق کہلواتے ہوئے بچوں پر خصوصی نظر رکھیں اور روزانہ حروف کی ادائیگی درست کراتے رہیں، البتہ ادائیگی کی کمزوری کی وجہ سے سبق نہ روکیں۔ اس لیے کہ آئندہ اسباق میں بھی یہی حروف ہیں، ان کے علاوہ اضافی کوئی حرف نہیں، لہٰذا حروف کی صحیح ادائیگی کی محنت روزانہ ہو تو کمزوری ختم ہوجائے گی۔

۱۰ سبق سمجھانے کے لیے پہلے شکل، پھر جگہ، پھر اس کا نام پھر پڑھنے کا طریقہ بتائیں۔ مثلاً "زبر" سمجھانا ہو تو پہلے زبر کی شکل بتائیں، پھر اس کی جگہ کہ زبر ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے۔ پھر اس کا نام کہ اس ترچھی سی لکیر کو زبر کہتے ہیں۔ پھر اس کے پڑھنے کا طریقہ بتائیں۔

۱۱ حرکات کے سبق سے بچوں کو ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھائیں نیز وقف بھی کروائیں۔

۱۲ قاعدہ سے مقصود طلبا / طالبات میں ناظرہ قرآن کریم صحیح پڑھنے کی استعداد پیدا کرنا ہے، اس لیے قاعدہ پڑھاتے وقت ہر سبق سے متعلق قرآن کریم کی چار پانچ سطروں سے خوب مشق کرائی جائے۔

۱۳ قاعدہ میں دیئے گئے تجوید کے قواعد سمجھانے اور ذہن نشین کرانے کے ساتھ ساتھ صحیح پڑھنے کی مشق بھی کرائیں کیوں کہ اصل مقصود صحیح پڑھنا ہے۔

بورڈ کی مدد سے پڑھانے کے فوائد

۱ ہر بچے کو انفرادی طور پر پڑھانے اور الگ الگ محنت کرنے میں بہت وقت خرچ ہوجاتا ہے جب کہ بورڈ کی مدد سے پڑھانے میں کم وقت میں زیادہ طلبا کو پڑھایا اور سمجھایا جاسکتا ہے۔

۲ باآواز بلند اور بار بار سبق کہلوانے سے بچوں کو سبق جلدی یاد ہوجاتا ہے۔ البتہ آواز اتنی اونچی نہ ہو کہ آپس میں ٹکرانے کی وجہ سے سبق ہی سمجھ نہ آئے۔

۳ کم وقت اور نسبتاً کم محنت سے زیادہ فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔

بورڈ کی مدد سے پڑھانے کے لیے ضروری اشیا

بورڈ پر پڑھانے کے لیے مندرجہ ذیل اشیا کا ہونا ضروری ہے۔

۱ چاک یا مارکر ۲ جھاڑن (ڈسٹر) ۳ وہ کتاب جو کہ پڑھائی جارہی ہو۔

بورڈ کی مدد سے پڑھانے کا طریقہ

۱ بورڈ پر "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" لکھیں۔

۲ جو سبق بھی پڑھایا جائے اس کا مضمون اور عنوان بورڈ پر لکھا جائے۔

۳ بورڈ پر قمری (یعنی چاند کی) اور شمسی تاریخ لکھیں۔ حاضر طلبا اور کل طلبا کی تعداد لکھیں۔

۴ طلبا کو بورڈ کے سامنے لائنوں میں بٹھائیں اور قطار بالکل سیدھی ہو۔

۵ جب استاذ صاحب پڑھانے کے لیے کھڑے ہوں تو اپنا مزاج نہ اتنا سخت رکھیں کہ بچے برداشت نہ کرسکیں اور نہ ہی اتنی نرمی اختیار کریں کہ بچے انھیں استاذ ہی نہ سمجھیں۔

۶ استاذ صاحب کو چاہیے کہ بورڈ کے ایک جانب اس طرح کھڑے ہوں کہ طلبا کو بورڈ پر لکھی ہوئی تحریر آسانی کے ساتھ نظر آئے، بورڈ پر لکھی ہوئی تحریر کے بالکل سامنے نہ کھڑے ہوں کہ کچھ بچوں کو تحریر نظر آئے اور کچھ کو نظر

نہ آئے۔ اس کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اگر بورڈ استاذ صاحب کے دائیں جانب ہو تو دائیں ہاتھ سے اور اگر بورڈ بائیں جانب ہو تو بائیں ہاتھ سے اشارہ کریں۔

۷ سبق پڑھاتے وقت یا پوچھتے وقت اشارہ اس لفظ یا حرف کے نیچے ہونا چاہیے۔

۸ سبق کو صاف، خوش خط اور بڑے الفاظ میں لکھا جائے۔

۹ سبق پڑھاتے وقت طلبا پر نگاہ رکھیں کہ کوئی طالب علم لا پرواہی سے نہ بیٹھا ہو اور نہ ہی طلبا آپس میں گفتگو کر رہے ہوں۔

۱۰ طلبا کو اس بات کا پابند کریں کہ نگاہ بورڈ/ قاعدہ/ کتاب/ قرآن کریم پر رکھیں اور غور سے سنیں۔

۱۱ دورانِ سبق اگر کوئی طالب علم شرارت کر رہا ہو یا سست بیٹھا ہو تو فوراً نام لے کر اس کو متوجہ کریں اور اس سے مناسب انداز میں اس سبق کے بارے میں پوچھیں، اگر وہ نہ بتا سکے یا غلط بتائے تو اس کو مناسب انداز میں تنبیہ کریں۔ تا کہ سبق میں توجہ سے بیٹھے۔

۱۲ طلبا کو سبق پڑھانے کے بعد ان میں سے ایک طالب علم کو بلائیں جسے آپ سمجھتے ہیں کہ سبق سمجھ آ گیا ہوگا اس کے ذریعے سبق دوبارہ کہلوائیں تا کہ دہرائی ہو جائے۔

نوٹ: نورانی قاعدہ میں قرآن کریم کی آیات ہیں اس لیے اس کا پورا ادب و احترام کیا جائے۔

بورڈ

مضمون: نورانی قاعدہ	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝	۱۴ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ
عنوان: نقطے		7/ فروری 2012ء
کل طلبا: ۲۰		
حاضر طلبا: ۱۸		

تعلیمی ایام

۱ ’’نورانی قاعدہ مکمل‘‘ پانچ ماہ میں پڑھائیں اوراس کے بعد تین سپارے ناظرہ قرآن کریم بقیہ پانچ مہینوں میں پڑھائیں اور باقی نصاب میں ہر مضمون کے دس دس اسباق دیے گئے ہیں ہر سبق ایک ماہ میں پڑھائیں۔اس طرح دس ماہ میں یہ نصاب مکمل ہوگا۔بقیہ دو ماہ رمضان،عیدالفطر،عیدالاضحیٰ وغیرہ کی تعطیل کے ہوں گے۔

۲ اگر کسی مہینے کا نصاب کسی مضمون میں جلد مکمل ہوجائے تو اس کا بقیہ وقت دوسرے مضامین کے لیے استعمال کریں تاکہ ہر مہینے کا نصاب تمام مضامین میں ایک ساتھ رہے اور کتاب ایک ساتھ ختم ہو۔

۳ اس نصاب میں ہر مہینے کی پڑھائی، دہرائی، ماہانہ جائزہ، بزم اور تعطیل کے دن متعین کیے گئے ہیں۔

۴ ہر مہینے میں بیس دن پڑھائی کے (ہر ہفتے میں پانچ دن)، چار دن دہرائی کے (ہر ہفتے میں ایک دن) اور ہر مہینے کے آخری دو دنوں میں سے ایک دن ماہانہ جائزہ اور دوسرے دن بزم ہوگی اور باقی چار دن ہفتہ وار چھٹی کے ہوں گے۔

۵ دہرائی کے دن استاذ محترم! اس ہفتے اور اس مہینے کے گزشتہ ہفتوں میں پڑھائے گئے تمام مضامین کی خود دہرائی کرائیں، طلبا کی جوڑیاں نہ بنائیں۔

۶ بزم والے دن تربیتی نصاب میں شامل بیان ودعا کا مضمون یاد کرائیں اور بچوں سے باری باری کہلوائیں، نیز جو کچھ پڑھایا گیا ہے، اس کا طلبا کے درمیان سوالات وجوابات کی صورت میں تقریری مقابلہ کرائیں۔

خانوں میں دستخط کی ترتیب:

۱ ہر تختی/سبق کے لیے جو دن متعین ہیں ان کو خانوں میں ظاہر کیا گیا ہے۔

۲ ہر تختی/سبق کے ختم پر دستخط کے خانوں پر مختصر دستخط کر دیں اور طلبا کو اس بات کا پابند کریں کہ اپنے سرپرست سے دستخط کرائیں۔

نظام الاوقات

مدرسہ میں جو پڑھائی کے اوقات ہیں ان میں نورانی قاعدہ/ ناظرہ قرآن کریم روزانہ پڑھایا جائے۔ پڑھائی کے اوقات میں سے روزانہ آدھا گھنٹہ مخصوص کرلیں، جس میں ''تربیتی نصاب'' پڑھایا جائے۔

جس کی صورت یہ ہے:

١. نصاب میں شامل چھ مضامین کو دو حصوں میں تقسیم کرکے ایک دن آدھا گھنٹہ تجوید، ایمانیات اور عبادات اور دوسرے دن آدھا گھنٹہ، احادیث و مسنون دعائیں، سیرت و اسلامی معلومات اور اخلاق و آداب کا مضمون پڑھائیں۔

٢. مضامین پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

پہلے دن	اوقات
نورانی قاعدہ/ ناظرہ قرآن کریم	علاوہ آدھا گھنٹہ
تجوید	۱۰ منٹ
ایمانیات	۱۰ منٹ
عبادات	۱۰ منٹ

دوسرے دن	اوقات
نورانی قاعدہ/ ناظرہ قرآن کریم	علاوہ آدھا گھنٹہ
احادیث و مسنون دعائیں	۱۰ منٹ
سیرت و اسلامی معلومات	۱۰ منٹ
اخلاق و آداب	۱۰ منٹ

وضاحت: روزانہ سبق پڑھاتے پڑھاتے مختصراً اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات اور گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔ مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی زیادتی کی گنجائش ہے۔

یہ قاعدہ سو تعلیمی دنوں پر مشتمل ہے

تصحیح وتصویب

حضرت قاری عبد الرشید صاحب (جامعہ دار العلوم کراچی)

نظم وترتیب

علماء کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

مکتب تعلیم القرآن الکریم

''نورانی قاعدہ''

قاعدہ: جس کتاب میں قرآن کریم پڑھنے کے طریقے بتائے جائیں اس کو "قاعدہ" کہتے ہیں۔

تعوذ: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

تسمیہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

تختی نمبر ①

نقطے

مفردات: الگ الگ لکھے ہوئے حروف کو "مفردات" کہتے ہیں۔

مُفردات

ث ثا	ت تا	ب با	ا الف	

ت	ب	ث	ب	ث	ت

ث	ت	ب	ا

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

د دال ذ ذال ر را ز زا

ذ ر ز ر ز د

ذ ز د ذ ر ز

ذ د ذ ر ز ر

ت خ ث ج ب ر ت ا

ب ت ا خ ذ د ح ث

ز ح ذ ج د ز ر ت

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

س ا ذ ت ز ر ض ب

ر ح ش ص ض ج خ ث

ذ د خ ث ب ز ذ ش

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

ح	ظ	ع	خ	ث	ر	غ	ذ
ب	ط	ص	ز	ض	ج	ح	س
ذ	د	ت	ش	ب	ز	ا	ش

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

ا الف ب با ت تا ث ثا ج جیم ح حا خ خا
د دال ذ ذال ر را ز زا س سین ش شین ص صاد ض ضاد
ط طا ظ ظا ع عین غ غین ف فا ق قاف ك کاف ل لام
م میم ن نون و واو
م ن و م و م
و ن م و ن م
ق س ظ غ ض ن ث ب
ج ط ا ص ز ح ظ ت
ذ ك و ع م خ ل و
ض ش ر د ف ت ب ث
یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

ا الف ب با ت تا ث ثا ج جیم ح حا خ خا
د دال ذ ذال ر را ز زا س سین ش شین ص صاد ض ضاد
ط طا ظ ظا ع عین غ غین ف فا ق قاف ك كاف ل لام
م میم ن نون و واو
ه ها ء همزه ی یا
ء ه ی ی ء ه
ی ه ء ه ی ء
و ج ط ث ه ن ذ ع
ض م غ ن ظ ح ق ی
ص ك ف ش ء خ ل س
ض ا ر د ب ت ز و
یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

مُفردات کی مکمل تختی

ا الف — ب با — ت تا — ث ثا — ج جیم — ح حا

خ خا — د دال — ذ ذال — ر را — ز زا — س سین

ش شین — ص صاد — ض ضاد — ط طا — ظ ظا — ع عین

غ غین — ف فا — ق قاف — ك كاف — ل لام — م میم

ن نون — و واو — ہ ھا — ء ھمزہ — ی یا

① موٹے حروف سات (۷) ہیں:

خ ص ض ط ظ غ ق

② نرم حروف تین (۳) ہیں:

ث ذ ظ

③ سیٹی والے حروف تین (۳) ہیں:

ز س ص

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ②

مرکبات: ملے جلے لکھے ہوئے حروف کو "مرکبات" کہتے ہیں۔

یہ صفحہ تین دن میں پڑھائیں

سـ شـ
صـ ضـ

س	ش	ص	ض	سل	شل
بس	يس	نص	تض	ضل	بصر

طـ ظـ

ط	ظ	ثظ	ثط	ظل	طال	حطت

عـ حـ
غـ خـ

ع	غ	عج	حخ	بج	يغ
		بعد	تغذ		

فـ فـ
قـ ـقـ

ف	ق	فو	قل	يف	يفر
		نقر	خلق		

کـ ک
ک ك

ك	ک	کا	کب	کث	کل
		تکث	ملك		

یہ صفحہ تین دن میں پڑھائیں

یہ صفحہ تین دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ③ حروفِ مُقَطَّعَات

ان حروف کو الگ الگ کر کے پڑھائیں۔ ہجے نہ کرائیں۔

الٓمّٓ	الٓمّٓصٓ	الٓرٰ	الٓمّٓرٰ
كٓهٰيٰعٓصٓ	طٰهٰ	طٰسٓمّٓ	طٰسٓ
يٰسٓ	صٓ	حٰمٓ	حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ
قٓ	نٓ	الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ	

طٰسٓمّٓ: پڑھنے کی صورت: طَا سِيْمْ مِّيْمْ۔

الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ: ملا کر پڑھنے کی صورت: اَلِفْ لَآمْ مِّيْمَ اللّٰهُ۔

یہ صفحہ تین دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ④ حرکات

ـَــ زبر زبر ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے	ـِــ زیر زیر ہمیشہ حرف کے نیچے ہوتی ہے	ـُــ پیش پیش ہمیشہ حرف کے اوپر مڑا ہوا ہوتا ہے

ـَــ ـِــ ـُــ ـِــ ـُــ ـِــ ـَــ ـُــ

(۱) زبر، زیر اور پیش کو ''حرکات'' کہتے ہیں۔

(۲) جس حرف پر زبر، زیر یا پیش ہو اس کو ''متحرک'' کہتے ہیں۔

(۳) متحرک حرف کو جلدی پڑھیں ذرا بھی نہ کھینچیں جھٹکا بالکل نہ دیں۔

(۴) الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے اور حرکت آجائے تو اس الف کو ھمزہ کہتے ہیں۔

ـَــ زبر

اَ	هَ	عَ	حَ	غَ	خَ	قَ
كَ	جَ	شَ	ىَ	ضَ	لَ	نَ
رَ	طَ	دَ	تَ	صَ	سَ	زَ
ظَ	ذَ	ثَ	فَ	وَ	بَ	مَ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

زیر ـِــ

''زیر'' والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

اِ	هِ	عِ	حِ	غِ	خِ	قِ
كِ	جِ	شِ	ىِ	ضِ	لِ	نِ
رِ	طِ	دِ	تِ	صِ	سِ	زِ
ظِ	ذِ	ثِ	فِ	وِ	بِ	مِ

پیش ـُــ

''پیش'' والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

اُ	هُ	عُ	حُ	غُ	خُ	قُ
كُ	جُ	شُ	ىُ	ضُ	لُ	نُ
رُ	طُ	دُ	تُ	صُ	سُ	زُ
ظُ	ذُ	ثُ	فُ	وُ	بُ	مُ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ۵ تنوین

دو زبر، دو زیر، دو پیش کو "تنوین" کہتے ہیں۔ تنوین میں "غنہ" کرنے کی بھی مشق کرائی جائے۔

"غنہ" ناک میں آواز چھپانے کا نام ہے۔

زبر کی تنوین ً

ہجے کرتے وقت زبر کی تنوین میں "الف" اور "یا" کا نام نہ لیں۔

جیسے: بًا دو زبر "بًا"۔ دال دو زبر "دًی"۔

مًا	بًا	وًا	فًا	ثًا	ذًی	ظًا
زًا	سًا	صًا	ةً	دًی	طًا	رًا
نًا	لًا	ضًا	یًا	شًا	جًا	كًا
قًا	خًا	غًا	حًا	عًا	هًا	ءً

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑥ حرکات اور تنوین کی مشق

ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھائیں اور وقف بھی کرائیں۔

اَبَدًا	اَحَدٌ	اَخَذَ	اَذِنَ	اَمَرَ	اَنَا ہر جگہ پڑا نون
بَخِلَ	بَرَرَةٍ	جَعَلَ	جَمَعَ	حَسَدَ	حَشَرَ
خَشِیَ	خَلَقَ	خُلِقَ	ذَكَرَ	رَفَعَ	رَقَبَةٍ
سُرُرٌ	سَفَرَةٍ	صُحُفًا	صَمَدٌ	طَبَقٍ	طَبَقًا
طُوًی	عَبَسَ	عَدَلَ	عَلَقٍ	عَمَدٍ	عِنَبًا
غَبَرَةٌ	فَعَلَ	قَتَرَةٌ	قُتِلَ	قَدَرَ	قُرِئَ
قَسَمٌ	كَبَدٍ	كُتُبٌ	كَسَبَ	كَفَرَ	كُفُوًا
لُبَدًا	لُمَزَةٍ	لَهَبٍ	مَسَدٍ	نَخِرَةً	وَجَدَ
وَسَقَ	وَقَبَ	وَلَدَ	وَهَبَ	هُمَزَةٍ	هُدًی

وضاحت: "اَنَا" قرآن مجید میں جہاں بھی آئے اس کا الف نہیں پڑھا جائے گا۔

البتہ وقف کی صورت میں "اَنَا" ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

یہ صفحہ پانچ دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑦ کھڑی حرکات

کھڑی حرکات تین ہیں: کھڑا زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش۔

کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کو "کھڑی حرکات" کہتے ہیں، "کھڑی حرکات" کو ایک "الف" کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

ا کھڑا زبر

صٰ ضٰ طٰ ظٰ فٰ قٰ كٰ

اٰ ہٰ ءٰ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑧ جزم (سکون)

جزم کا دوسرا نام سکون ہے، جس حرف پر جزم ہو اس کو "ساکن" کہتے ہیں۔
ساکن حرف کو پہلے والے حرف سے ملا کر پڑھیں۔

ـــْـ جزم

اَاْ اِاْ اُاْ اَعْ اِعْ اُعْ اَثْ اِثْ اُثْ

اَذْ اِذْ اُذْ اَظْ اِظْ اُظْ اَزْ اِزْ اُزْ

اَسْ اِسْ اُسْ اَصْ اِصْ اُصْ اَحْ اِحْ اُحْ

اَهْ اِهْ اُهْ اَتْ اِتْ اُتْ اَطْ اِطْ اُطْ

اَكْ اِكْ اُكْ اَقْ اِقْ اُقْ اَبْ اِبْ اُبْ

اَجْ اِجْ اُجْ اَدْ اِدْ اُدْ اَشْ اِشْ اُشْ

اَضْ اِضْ اُضْ اَغْ اِغْ اُغْ اَرْ اِرْ اُرْ

اَفْ اِفْ اُفْ اَمْ اِمْ اُمْ

اَوْ اُوْ اَیْ اِیْ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑨ حروفِ مدّہ

حروف مدہ تین ہیں، "الف"، "واو"، "یا"۔ حروف مدہ کو ایک "الف" کی مقدار کھینچ کر پڑھیں۔ "الف" سے پہلے "زبر" ہو تو الف مدہ ہوتا ہے۔ جیسے: با الف زبر "بَا"۔ واو ساکن سے پہلے "پیش" ہو تو واو مدہ ہوتا ہے۔ جیسے: با واو پیش "بُوْ" یا ساکن سے پہلے زیر ہو تو یا مدہ ہوتی ہے۔ جیسے: با یا زیر "بِیْ"۔

بَا	بُوْا	بِیْ	تَا	تُوْا	تِیْ	ثَا	ثُوْا	ثِیْ
حَا	حُوْا	حِیْ	خَا	خُوْا	خِیْ	رَا	رُوْا	رِیْ
زَا	زُوْا	زِیْ	طَا	طُوْا	طِیْ	ظَا	ظُوْا	ظِیْ
فَا	فُوْا	فِیْ	هَا	هُوْا	هِیْ	یَا	یُوْا	یِیْ
ءَا	اُوْا	اِیْ	جَا	جُوْا	جِیْ	دَا	دُوْا	دِیْ
ذَا	ذُوْا	ذِیْ	سَا	سُوْا	سِیْ	شَا	شُوْا	شِیْ
صَا	صُوْا	صِیْ	ضَا	ضُوْا	ضِیْ	عَا	عُوْا	عِیْ
غَا	غُوْا	غِیْ	قَا	قُوْا	قِیْ	کَا	کُوْا	کِیْ
لَا	لُوْا	لِیْ	مَا	مُوْا	مِیْ	نَا	نُوْا	نِیْ
			وَا	وُوْا	وِیْ			

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

حروفِ لین

حروفِ لین دو ہیں، "واو اور یا" جب کہ یہ ساکن ہوں اور ان سے پہلے زبر ہو۔ حروفِ لین کو نرم آواز کے ساتھ جلدی پڑھیں، معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

تَوْ	تَیْ	ثَوْ	ثَیْ	دَوْ	دَیْ	ذَوْ	ذَیْ
رَوْ	رَیْ	زَوْ	زَیْ	سَوْ	سَیْ	شَوْ	شَیْ
صَوْ	صَیْ	ضَوْ	ضَیْ	طَوْ	طَیْ	ظَوْ	ظَیْ
لَوْ	لَیْ	نَوْ	نَیْ	اَوْ	اَیْ	بَوْ	بَیْ
جَوْ	جَیْ	حَوْ	حَیْ	خَوْ	خَیْ	عَوْ	عَیْ
غَوْ	غَیْ	فَوْ	فَیْ	قَوْ	قَیْ	کَوْ	کَیْ
مَوْ	مَیْ	وَوْ	وَیْ	هَوْ	هَیْ	يَوْ	يَيْ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ۱۰ مشق

اٰمَنَ	اٰوٰى	اٰنِيَةٍ	اِلٰفِ	اَيْنَ	بِهٖ
جَآءَ	جِآئٍ	هَارٍ	نَارًا	خَيْرٌ	دَاوٗدُ
رُوَيْدًا	رَضُوْا	رِجَالٌ	مٰلِكٍ	شَيْءٌ	طَغٰى
طَغَوْا	طَيْرًا	عَادٍ	عَلٰى	عَيْنٌ	فِيْهِ
قَالَ	قَوْلٌ	كَانَ	كَيْدًا ۝	كَيْفَ	لَوْحٍ
لَيْسَ	مَالًا	خَوْفٍ ۝	مَآءٍ	وَيْلٌ	يَوْمٍ
يَرَهٗ	حَاسِدٍ	حَافِظٌ	دَافِقٍ	شَاهِدٍ	عَابِدٌ
عَآئِلًا	غَاسِقٍ	نَاصِرٍ ۝	وَالِدٍ	اَعُوْذُ	
اَكِيْدُ	يَخَافُ	يَدُهٗ	يُقَالُ	تُرٰبًا ۝	

یہ صفحہ پانچ دن میں پڑھائیں

حِسَابًا	سُبَاتًا	سِرَاجًا	سَلٰمٌ	شِدَادًا
شَرَابًا	صَوَابًا	طَعَامٍ	عَذَابًا	عَطَآءً
غُثَآءً	كِتَابًا	كِرَامًا	لِبَاسًا	لِسَانًا
مَاٰبًا	مَتَاعًا	مُطَاعٍ	مَعَاشًا	مَفَازًا
مِهٰدًا	نَبَاتًا	وِفَاقًا	ثُبُوْرًا	رَسُوْلٍ
شُهُوْدٌ	قُعُوْدٌ	وُجُوْهٌ	اَثِيْمٍ	اَلِيْمٍ
بَصِيْرًا	خَبِيْرٌ	رَحِيْقٍ	شَهِيْدٌ	عَظِيْمٌ
قَرِيْبًا	كَرِيْمٍ	مَجِيْدٌ	مُحِيْطٌ○	نَعِيْمٍ○
يَتِيْمًا	يَسِيْرًا	ذٰلِكَ	قُرَيْشٍ○	عِيْشَةٍ

مَوْءٗدَةٌ	مَوْضُوْعَةٌ	مَوَازِيْنُهٗ	يَوْمَئِذٍ

یہ صفحہ چار دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑪ مشق

اَنْتَ	اِهْدِ	بَعْدُ	بَطْشَ	سَعْىَ
لَسْتَ	غُلْبًا	فَصْلٌ	قَضْبًا	يُغْنِىْ
لَغْوًا	مِسْكٌ	نَخْلًا	نَشْطًا	نَفْسٍ
يَخْشٰى	يَسْعٰى	يَتْلُوْا	يَهْدِىْ	اَلْقَتْ
اَمْهِلْ	اَلْهَمَ	دَمْدَمَ	عَسْعَسَ	اَعْبُدُ
نَعْبُدُ	يَحْسَبُ	يَشْهَدُ	سُطِحَتْ	كُشِطَتْ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

مشق

يُسْقَوْنَ	يَفْعَلُوْنَ	يَعْمَلُوْنَ	يَعْلَمُوْنَ	يَضْحَكُوْنَ
يَكْسِبُوْنَ	وَضَعْنَا	مَايَشَآءُ	اِسْتَطَعْتُ ط	
زَكٰوةً ط	صَلٰوةً ط	بَالِغِهٖ ط	مَمْنُوْنٍ ۝	مَحْفُوْظٍ
نِسَآءً[1] ط	طُوًى ط	مَآءً ط	اَزْوَاجًا ط	اَشْتَاتًا
اَعْنَابًا ۝	اَفْوَاجًا ۝	اَلْفَافًا ۝	اَلْحَمْدُ	اِهْدِنَا
وَالْفَتْحُ ۝	وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ	يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝		

[1] نِسَآءً: نون زیر نِ، سین الف مد زبر سَآ، نِسَآ، ہمزہ دو زبر ءً، نِسَآءً، آگے وقف: نِسَآئَا۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

ہمزہ ساکنہ

ہمزہ ساکنہ کو جھٹکے کے ساتھ پڑھیں گے۔ ہمزہ کبھی الف، کبھی واو اور کبھی یا کی شکل میں ہوتا ہے۔

تَأْتُوْنَ	كَأْسًا	رَأْيِ ط	مُؤْصَدَةٌ	جِئْتَ

حروف قلقلہ

حروف قلقلہ پانچ ہیں: ق، ط، ب، ج، د جن کا مجموعہ "قُطْبُ جَدٍّ" ہے جب ان حروف پر جزم ہو تو پڑھتے وقت ان کی آواز گیند کی طرح واپس لوٹے گی۔ اس کو "قلقلہ" کہتے ہیں۔

نَقْعًا	اِقْرَاْ	اُقْسِمُ	بَطْشَ	نُطْفَةٍ ج	اِطْعَامٌ
وَسَطْنَ	اَبْقٰى	فَارْغَبْ	فَانْصَبْ	يُبْدِئُ	اَبْوَابًا
زَجْرَةٌ	قَدْحًا	كَدْحًا	عَدْنٍ	يَدْعُوْا	يَدْخُلُوْنَ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

را کے قاعدے

① "را" پر زبر، پیش، یا دوزبر، دوپیش ہوں تو "را" پُر یعنی موٹی پڑھی جائے گی۔

مِصْرَ	اَنْشَرَ	يَشْرَبُ	حُشِرَتْ	نُشِرَتْ	فَرَغْتَ
رَفَعْنَا	عِبْرَةً	مَنْ ۜ رَاقٍ	بَلْ ۜ رَانَ	زَجْرَةٌ	تَذْكِرَةٌ
مُسْفِرَةٌ	مِنَ الْمُعْصِرٰتِ	كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ			
اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ	يَخْرُجُ	يَنْظُرُوْنَ	مَسْرُوْرًا		
وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ	صَبْرًا	يُسْرًا	خَيْرٌ	يَسِيْرٌ	

② را کے نیچے زیر یا دوزیر ہوں تو "را" باریک ہوگی۔

قِطْرٍ ؕ	تَعْرِفُ	مَجْرٖىهَا	وَالْعَصْرِ ۝	مَعَ الْعُسْرِ
تَجْرِىْ	مَا الْقَارِعَةُ ۝	لَيْلَةُ الْقَدْرِ	عَشْرٍ	
شَهْرٍ ۝	فَجْرٍ ؕ	قَدْرٍ		

[1] آواز بند کرکے سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر ٹھہر جانا "سکتہ" ہے۔ اور یہ سکتہ صرف چار جگہ ہے۔ ① سورۃ الکھف: عِوَجًا ۜ قَيِّمًا۔
② سورۃ یٰسٓ: مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا۔ ③ سورۃ القیٰمۃ: مَنْ ۜ رَاقٍ۔ ④ سورۃ المطففین: بَلْ ۜ رَانَ۔

[2] مَجْرٖىهَا: میم جیم زبر مَجْ، را امالہ والی رے، مَجْرٖ، ھا الف زبر ھَا، مَجْرٖىهَا۔

یہ صفحہ چار دن میں پڑھائیں

۳ "را ساکن" سے پہلے اگر زبر یا پیش ہو تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

اَنْذَرْنَا	تَرْهَقُ	فَارْغَبْ	بَرْدًا	اَثَرْنَ

قُرْاٰنًا	قُرْاٰنٌ	ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ	اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ

۴ "را ساکن" سے پہلے اگر زیر ہو تو "را" باریک ہوگی۔

فَاصْبِرْ	اِرْبَةِ	مِرْيَةٍ

۵ "را ساکن" کے بعد اگر موٹے حروف (خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق) میں سے کوئی حرف اسی کلمے میں آ جائے تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

فِرْقَةٍ	مِرْصَادٍ	قِرْطَاسٍ

۶ "را ساکن" سے پہلے زیر دوسرے کلمے میں ہو تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

رَبِّ ارْجِعُوْنِ	مَنِ ارْتَضٰى[1]

۷ "را ساکن" سے پہلے زیر عارضی ہو تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

اِرْتَبْتُمْ	اِرْحَمْ	اِرْجِعْ

[1] مَنِ ارْتَضٰى: میم زبر مَ، نون را زیر نِرْ مَنِ ارْ، تا زبر تَ، مَنِ ارْتَ، ضاد کھڑا زبر ضٰ، مَنِ ارْتَضٰى، آگے وقف: مَنِ ارْتَضٰى۔

	دستخط سرپرست		دستخط معلم	یہ صفحہ چار دن میں پڑھائیں

تختی نمبر ⑫ تشدید

1. تین دندانوں والی اس شکل (ّ) کو تشدید کہتے ہیں۔
2. جس حرف پر تشدید ہو اس کو "مشدَّد" کہتے ہیں۔
3. مشدد حرف کو دو بار پڑھا جاتا ہے۔ ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے متحرک حرف کے ساتھ ملا کر، دوسری مرتبہ اپنی حرکت کے ساتھ۔ جیسے: ہمزہ باز بر "اَبْ"، باز بر بَ "اَبَّ"۔
4. مشدد حرف کو سختی اور جماؤ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

اَبَّ	اِبَّ	اُبَّ	اَتَّ	اِتَّ	اُتَّ
اَثَّ	اِثَّ	اُثَّ	اَجَّ	اِجَّ	اُجَّ
اَحَّ	اِحَّ	اُحَّ	اَخَّ	اِخَّ	اُخَّ
اَدَّ	اِدَّ	اُدَّ	اَذَّ	اِذَّ	اُذَّ
اَرَّ	اِرَّ	اُرَّ	اَزَّ	اِزَّ	اُزَّ
اَسَّ	اِسَّ	اُسَّ	اَشَّ	اِشَّ	اُشَّ
اَصَّ	اِصَّ	اُصَّ	اَضَّ	اِضَّ	اُضَّ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ۱۴ تشدید کی مشق

بُرِّزَ	حُصِّلَ	صَدَّقَ	عَدَّدَ	قَدَّرَ
كَذَّبَ	نَعَّمَ	يَحُضُّ	قُوَّةٍ	كَرَّةٌ
سُعِّرَتْ	قَدَّمَتْ	كَذَّبَتْ	زُوِّجَتْ	سُجِّرَتْ
فُجِّرَتْ	سُيِّرَتْ	عُطِّلَتْ	كُوِّرَتْ	نُيَسِّرُهُمْ
اَلْبَيِّنَةُ	قَيِّمَةٌ ط	عَشِيَّةً	مُذَكِّرٌ	اَيَّانَ
اِيَّاكَ	تَجَلّٰى	اِيَّاىَ ط	يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط	

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

مکتبہ تعلیم القرآن الکریم

تَوَلّٰی | تَوَّابًا | ثَجَّاجًا | غَسَّاقًا

مَفَرُّ ط | اَذَلَّ | وَالْمُعْتَرَّ ط | مُمَدَّدَةٍ ۝

مُكَرَّمَةٍ ۝ | وَالسَّمَآءِ | وَالتَّرَآئِبِ

وَالسّٰبِحٰتِ | فَالسّٰبِقٰتِ | فَالْمُدَبِّرٰتِ

ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ط | فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

ے دوسرے ہمزہ کو نرمی کے ساتھ پڑھیں گے، اس کو "تسہیل" کہتے ہیں۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑭

مَرُّوْا	رَبِّیْ	مُدَّتْ	حُقَّتْ	وَتَبَّ

تَبَّتْ	اَحَطْتُّ ¹	وَالصُّبْحِ	وَالشَّمْسِ

فَظَلُّ ط	فِی الْحَجِّ	عَدُوٌّ ط ²	سَامِرِیُّ ط	بِمُصْرِخِیَّ ط

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝ لا	سِجِّیْلٍ	سِجِّیْنٌ

لِحُبِّ الْخَیْرِ	مَا الطَّارِقُ	یَزَّکّٰی	یَذَّکَّرُ

مُدَّثِّرُ	مُزَّمِّلُ	عِلِّیِّیْنَ ۝	عِلِّیُّوْنَ ۝	اِلَّا الَّذِیْنَ

¹ اَحَطْتُّ: ھمزہ زبر ءَ، حا طا تا زبر حَطْت ، اَحَطْت، تا پیش تُ، اَحَطْتُّ۔ اَحَطْتُّ میں طا پر اور تا باریک پڑھیں گے۔

² واو اور یا مشدد پر جب وقف کریں تو شد ادا کر کے آخر حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے: عَدُوٌّ، وقفاً عَدُوّْ۔

یہ صفحہ تین دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑮ غُنَّہ

ایک الف کی مقدار ناک میں آواز لے جانے کو "غنّہ" کہتے ہیں، نون اور میم پر تشدید ہو تو ہمیشہ غنہ ہوتا ہے۔

يَظُنُّ	جَنَّةٍ	ثُمَّ	مِمَّ	اَيْدِيْهِنَّ[ط]

عَلَيْهِنَّ[ط]	لَا تَاْمَنَّا[ا]	وَالنّٰشِطٰتِ	وَالنّٰزِعٰتِ

بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ○	مُسَمًّى[ط]

فِي الْيَمِّ	اِنَّ الْجَنَّةَ	اِنَّ الَّذِيْنَ

يَظُنُّ: یا زبر یَ، ظا نون پیش ظُنُ، یَظُنُ، نون پیش نُ، یَظُنُّ وقفاً یَظُنّْ (غنے کے ساتھ)

[ا] نون کو ادا کرتے وقت ہونٹ گول کریں گے۔ اس کو "اشمام" کہتے ہیں۔

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

نون ساکن اور تنوین کے قاعدے

نون ساکن اور تنوین کے چار قاعدے ہیں:

① اظہار ② اخفاء ③ اقلاب ④ ادغام

اظہار

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف حلقی کے چھ حروف "ء، ہ، ع، ح، غ، خ،" میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن اور تنوین کی آواز کو غنہ کیے بغیر جلدی پڑھیں گے۔

مَنْ اٰمَنَ	مِنْ هَادٍ	مِنْ عَلَقٍ	وَانْحَرْ
مِنْ غَيْرِهٖ	مِنْ خِلَافٍ	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	

وَانْحَرْ: واو نون زبر وَنْ، حا را زبر حَرْ، وَانْحَرْ، آگے وقف: وَانْحَرْ۔

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

اخفا

نون ساکن یا تنوین کے بعد اخفا کے پندرہ حروف؛

"ت، ث، ج، د، ذ، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ف، ق، ك"

میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن یا تنوین کی آواز ناک میں چھپا کر ایک الف کے برابر پڑھیں گے۔

كُنْتُ	اُنْثٰی	حُبًّا جَمًّا ۝	عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ	اَنْذِرْ
اَنْزَلْنَا	عَنْ سَبِيْلِهٖ	اَنْشَرَ	تُنْصَرُوْنَ	مَنْضُوْدٍ
مَنْ طَغٰی	يَنْظُرُ الْمَرْءُ	كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ		
اَنْقَضَ	لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ	كِرَامًا كَاتِبِيْنَ		

حُبًّا جَمًّا: حا با پیش حُبْ، با دو زبر بًا، حُبًّا، جیم میم زبر جَمْ، حُبًّا جَمْ، میم دو زبر مًّا، حُبًّا جَمًّا،

آگے وقف: حُبًّا جَمًّا۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

اقلاب

نون ساکن یا تنوین کے بعد با آئے تو نون ساکن یا تنوین کو میم سے بدل کر غنے کے ساتھ پڑھیں گے۔ اس کو اقلاب کہتے ہیں۔

مَنْ بَخِلَ[1]	لَيُنْۢبَذَنَّ	مِنْۢ بَعْدِ
مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ	لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ	بِذَنْۢبِهِمْ

ادغام یرملون

حروف ادغام چھ ہیں: "ی ۔ ر ۔ م ۔ ل ۔ و ۔ ن" ان کو "حروف یرملون" کہتے ہیں۔

ادغام بلا غنہ

نون ساکن یا تنوین کے بعد "ل" یا "ر" میں سے کوئی حرف آئے تو بغیر غنے کے ملا کر پڑھیں گے۔

ادغام "ر":

مِنْ رَّبِّكَ[2]	رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ	عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ

ادغام "ل"

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝	صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ	مِنْ لَّدُنْهُ

[1] مَنْ بَخِلَ: میم میم زبر مَ، با زبر بَ، مَنْ بَ، خا زیر خِ، مَنْ بَخِ، لام زبر لَ، مَنْ بَخِلَ آگے وقف مَنْ بَخِلْ۔

[2] مِنْ رَّبِّكَ: میم را زیر مِنْ رَ، را با زبر رَبْ، مِنْ رَبْ با زیر بِ، مِنْ رَبِّ، کاف زبر كَ، مِنْ رَبِّكَ آگے وقف مِنْ رَبِّكْ۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

ادغام مع الغنہ

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف یرملون کے ان چار حروف (ی، ن، م، و) میں سے کوئی ایک حرف اگر دوسرے کلمے میں آئے تو نون ساکن یا تنوین کو غنے کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔

ادغام ”ی“

خَيْرًا يَّرَهٗ ۝¹	شَرًّا يَّرَهٗ ۝	مِيْقَاتًا يَّوْمَ	فَمَنْ يَّعْمَلْ

ادغام ”و“: قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝ | سِرَاجًا وَّهَّاجًا | مِنْ وَّالٍ²

ادغام ”م“: مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ | خَيْرٌ مِّنْهُ

ادغام ”ن“: سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا | مِنْ نَّصِيْرٍ | اَنْ نَّمُنَّ

نون ساکن کے بعد (ی، و) میں سے کوئی ایک حرف اسی کلمے میں آجائے تو پھر ادغام نہیں ہوگا۔ غنے کے بغیر اس کو ظاہر کرکے پڑھیں گے۔ قرآن کریم میں اس قاعدے کے یہی چار کلمات ہیں۔

دُنْيَا	قِنْوَانٌ	صِنْوَانٌ	بُنْيَانٌ

¹ خَيْرًا يَّرَهٗ: خا یا زبر خَيْ، را یا دو زبر رًيْ، خَيْرًا یْ، یا زبر یَ، خَيْرًا یَّ، را زبر رَا، خَيْرًا يَّرَ، ھا الٹا پیش ہٗ، خَيْرًا يَّرَهٗ، آگے وقف خَيْرًا يَّرَهْ۔

² مِنْ وَّالٍ: میم نون واؤ زیر مِنْ وْ، واؤ الف زبر وَا، مِنْ وَّا، لام دو زیر لٍ، مِنْ وَّالٍ، آگے وقف مِنْ وَّالْ۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

میم ساکن کے قاعدے

اظہار (میم ساکن کا اظہار)

میم ساکن کے بعد "با" اور "میم" کے علاوہ کوئی اور حرف آئے تو میم ساکن کو ظاہر کر کے بغیر غنے کے جلدی پڑھیں گے۔

اَنْعَمْتَ	هُمْ فِيْهَا	لَكُمْ دِيْنُكُمْ

اخفاء (میم ساکن کا اخفاء)

میم ساکن کے بعد "با" آئے تو میم ساکن کو غنے کے ساتھ پڑھیں گے۔

اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ	تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

ادغام (میم ساکن کا ادغام)

میم ساکن کے بعد "میم" آئے تو میم کو دوسرے میم سے ملا کر غنے کے ساتھ پڑھیں گے۔

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ	اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ

اَنْعَمْتَ: ہمزہ نون زبر اَنْ، عین میم زبر عَمْ، اَنْعَمْ، تا زبر تَ، اَنْعَمْتَ، آگے وقف: اَنْعَمْتْ۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

نون قطنی

قرآن کریم میں بعض جگہوں پر الف کے نیچے چھوٹا سا نون لکھا جاتا ہے اور اس نون کے نیچے ہمیشہ زیر ہوتی ہے۔ اس چھوٹے نون کو "نون قطنی" کہتے ہیں۔ اس کو ملا کر پڑھتے وقت نون پڑھیں گے۔

لُمَزَةِ ۨالَّذِیْ	فَخُوْرَا ۨالَّذِیْنَ	نُوْحُ ۨابْنَهٗ

(ہدایت برائے استاذ)

پہلے کلمے کے آخری حرف پر وقف کریں، دونوں کلموں کو ملا کر نہ پڑھیں تو اس وقت نون قطنی نہیں پڑھا جائے گا جیسے: "لُمَزَةْ ۨاَلَّذِیْ۔"

استاذ محترم! طلبا کو دونوں کلموں کو ملا کر پڑھنے اور پہلے کلمے پر وقف کرنے کی صورت میں پڑھنے کی خوب مشق کرائیں۔

لفظ "اَللّٰہُ" کے لام کے قاعدے

① لفظ "اَللّٰہُ" اور "اَللّٰھُمَّ" کے لام سے پہلے زبر یا پیش ہو تو لفظ "اللّٰہُ" اور "اَللّٰھُمَّ" کا لام پُر پڑھا جائے گا۔ جیسے: ھُوَ اللّٰہُ۔ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔

② لفظ "اللّٰہُ" اور "اَللّٰھُمَّ" کے لام سے پہلے زیر ہو تو لام باریک پڑھا جائے گا۔ جیسے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔

واضح رہے کہ لفظ "اللّٰہُ" اور "اَللّٰھُمَّ" کے لام کے علاوہ باقی سب لام باریک پڑھیں گے۔ جیسے: مَاْوٰلٰھُمْ۔

زبر کی مثال:	مِنَ اللّٰہِ	اَللّٰھُمَّ
پیش کی مثال:	رَسُوْلُ اللّٰہِ	قَالُوا اللّٰھُمَّ
زیر کی مثال:	بِسْمِ اللّٰہِ	قُلِ اللّٰھُمَّ

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

تختی نمبر ⑯ مد کا بیان

(۱) مدلازم: حروف مدہ کے بعد والے حرف پر اگر جزم یا تشدید ہو تو مدلازم ہوگا۔

(۲) مد متصل: حروف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو مد متصل ہوگا۔

(۳) مد منفصل: حروف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو مد منفصل ہوگا۔

نوٹ: (۱) مدلازم کے پڑھنے کی مقدار تین الف کے برابر ہے۔

(۲) مد متصل اور مد منفصل کے پڑھنے کی مقدار تین یا چار الف کے برابر ہے۔

مدلازم: ضَآلًّا | دَآبَّةٍ | حَآجَّكَ | حَآجُّوكَ | لَضَآلُّوْنَ ○

وَلَا الضَّآلِّيْنَ | اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ[ل] | وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ

وَالصّٰٓفّٰتِ | مُضَآرٍّ | جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ○

وَلَا جَآنٌّ ○ | صَوَآفَّ | آٰلْئٰنَ

مد متصل: فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ○

مد منفصل: اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ○

[ل] اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ: ہمزہ زبر اَ، تا پیش تُ، اَتُ، حا الف جیم مد زبر حَآجَ، اَتُحَآجَ، جیم واؤ نون مد پیش جُوْٓنْ، اَتُحَآجُّوْٓنْ، نون یا زیر نِیْ، اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ۔

یہ صفحہ تین دن میں پڑھائیں

خاتمہ اجرائے قواعد ضروریہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؀

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؀

جَزَآءً	مَلٰٓئِكَةٌ	اِنَّآ اَعْطَيْنَا
صُحُفًا مُّطَهَّرَةً	اَبْصَارُهَا	وَاَنْزَلْنَا

اَكْلًا لَّمًّا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ؀

عَادَا ۨالْاُوْلٰى ؀	قَدِيْرُ ۨالَّذِىْ

عَادَا ۨالْاُوْلٰى: عین الف زبر عَا، دال زبر دَ، عَادَ، ن لام زیر نِ لْ، عَادَا ۨلْ، ھمزہ واؤ پیش اُوْ، عَادَا ۨلْاُوْ، لام کھڑا زبر لٰى، عَادَا ۨلْاُوْلٰى آگے وقف عَادَا ۨلْاُوْلٰى۔

یہ صفحہ ایک دن میں پڑھائیں

مُطَهَّرَةٍۢ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ۝	كِرَامٍۢ بَرَرَةٍ۝

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِىَ دِيْنِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ۝	اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ۝

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِىْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ۝

اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ۝	مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۝

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

یہ کلمات وہ ہیں جو موافق رسم خط قرآن مجید کے لکھنے میں اور طرح ہیں اور پڑھنے میں اور طرح

لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	پارہ نمبر مع رکوع	لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	پارہ نمبر مع رکوع
اَنَا	اَنَ	جس جگہ بھی ہو	لَنْ نَّدْعُوَا	لَنْ نَّدْعُوَ وصلاً	پ ۱۵ رکوع ۱۴
یَبْصُۜطُ	یَبْسُطُ	پ ۲ رکوع ۱۶	لِشَایْءٍ	لِشَیْءٍ	پ ۱۵ رکوع ۱۲
اَفَا۟ئِنْ	اَفَئِنْ	پ ۴ رکوع ۶	لٰكِنَّا	لٰكِنَّ	پ ۱۵ رکوع ۱۷
لَا۟اِلَى اللّٰهِ	لَاِلَى اللّٰهِ	پ ۴ رکوع ۸	لَا۟اَذْبَحَنَّهٗ	لَاَذْبَحَنَّهٗ	پ ۱۹ رکوع ۱۷
بَصْۜطَةً	بَسْطَةً	پ ۸ رکوع ۱۶	لَا۟اِلَى الْجَحِيْمِ	لَاِلَى الْجَحِيْمِ	پ ۲۳ رکوع ۶
مَلَا۟ئِهٖ	مَلَئِهٖ	جس جگہ بھی ہو	لِيَبْلُوَا	لِيَبْلُوَ وصلاً	پ ۲۶ رکوع ۵
وَلَا۟اَوْضَعُوْا	وَلَاَوْضَعُوْا	پ ۱۰ رکوع ۱۳	نَبْلُوَا	نَبْلُوَ وصلاً	پ ۲۶ رکوع ۸
ثَمُوْدَا	ثَمُوْدَ	پ ۱۹ رکوع ۲	لَا۟اَنْتُمْ	لَاَنْتُمْ	پ ۲۸ رکوع ۵
اَلرَّسُوْلَا وقفاً	اَلرَّسُوْلَ وصلاً	پ ۲۲ رکوع ۵	سَلٰسِلَا	سَلٰسِلَ وصلاً	پ ۲۹ رکوع ۱۹
لِتَتْلُوَا	لِتَتْلُوَ وصلاً	پ ۱۳ رکوع ۱۰	قَوَارِيْرَا	قَوَارِيْرَ وصلاً	پ ۲۹ رکوع ۱۹
اَلظُّنُوْنَا وقفاً	اَلظُّنُوْنَ وصلاً	پ ۲۱ رکوع ۱۸	اَلسَّبِيْلَا	اَلسَّبِيْلَ وصلاً	پ ۲۲ رکوع ۵

بِئْسَ الِاسْمُ	بِئْسَ لِسْمُ	پ ۲۶ رکوع ۱۴

یہ تمام کلمات خوب یاد کرا دیے جائیں۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں

علامات وقف

① O وقف تام۔ ② م وقف لازم۔

③ ط وقف مطلق۔ ④ ج وقف جائز۔

ان چار پر وقف کر کے آگے سے ابتدا کریں۔

⑤ ز وقف مجوز۔

⑥ ص وقف مرخص۔

⑦ صلے وصل بہتر۔

⑧ ق قیل علیہ الوقف (یعنی بعض کے نزدیک یہاں وقف ہے)

ان چار پر ضرورت کی بنا پر وقف کر کے آگے سے ابتدا کریں۔

⑨ صل یعنی ملا کر پڑھو۔ اگر وقف کریں تو اعادہ کریں یعنی پیچھے سے لوٹائیں۔

⑩ س سکتہ: سانس نہ ٹوٹے یعنی سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر رکیں۔

⑪ لا یعنی اس کے بعد سے ابتدا نہ کرو اگر یہ علامت آیت کے درمیان میں ہو۔

یہ صفحہ دو دن میں پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

ناظرہ قرآن کریم کا نصاب

محترم استاذ صاحب! نورانی قاعدہ پانچ مہینوں میں مکمل کرانے کے بعد باقی پانچ مہینوں میں یہ تین پارے عَمَّ، تَبٰرَكَ الَّذِیْ اور قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ بچوں کو ناظرہ پڑھانا اور ہر مہینے ''نورانی قاعدہ'' میں پڑھے گئے قواعد کا اجرا کرانا نصاب میں شامل ہے۔

جس کی ترتیب درج ذیل ہے:

وضاحت: عَمَّ پارہ ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھائیں۔ طلبا صحیح پڑھنا سیکھ لیں تو صرف رواں پڑھائیں۔

سُوْرَةُ النَّاسِ تا سُوْرَةُ الْفَجْرِ (عَمَّ) حرکات اور کھڑی حرکات کا اجرا

چھٹے مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلّم:		دستخط سرپرست:	

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ تا سُوْرَةُ النَّبَاِ (عَمَّ) حروف مدہ اور حروف لین کا اجرا

ساتویں مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلّم:		دستخط سرپرست:	

سُوْرَةُ الْمُلْكِ تا سُوْرَةُ الْجِنِّ (تَبٰرَكَ الَّذِیْ) را کے قواعد کا اجرا

آٹھویں مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلّم:		دستخط سرپرست:	

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ تا سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ (قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ) مدّ متصل، مدّ منفصل اور مدّ لازم کا اجرا

نویں مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلّم:		دستخط سرپرست:	

سُوْرَةُ الْحَشْرِ تا سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ (قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ) نون ساکن اور تنوین کے قواعد کا اجرا

دسویں مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلّم:		دستخط سرپرست:	

تجوید

سبق: ١ قرآنِ کریم

☆ سوال: قرآن کریم کیا ہے؟

📖 جواب: قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام اور اس کی آخری کتاب ہے۔

☆ سوال: قرآن کریم کن پر نازل ہوا؟

📖 جواب: قرآن کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔

☆ سوال: قرآن کریم ہمیں کیا سکھاتا ہے؟

📖 جواب: قرآن کریم ہمیں دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں سکھاتا ہے۔

☆ سوال: قرآن کریم میں کتنے پارے ہیں؟

📖 جواب: قرآن کریم میں تیس پارے ہیں۔

☆ سوال: قرآن کریم میں کتنی سورتیں ہیں؟

📖 جواب: قرآن کریم میں ایک سو چودہ سورتیں ہیں۔

سبق: ①	پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم		دستخط سرپرست	

سبق: ۲ قرآنِ کریم کا حق

☆ سوال: قرآن کریم کا ہم پر کیا حق ہے؟

جواب: قرآن کریم کا ہم پر حق ہے کہ اس کی تلاوت کریں۔

